30-07-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ پردھان منتری کسان سمان ندھی (پی ایم۔کسان) اسکیم کی 20 ویں قسط 2 اگست کو جاری کی جائے گی۔

۲۔ ریاست کے بی سی ویلفیر وزیر پونم پربھاکر نے بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ پر ریاست میں کھاد کی سربراہی کے سلسلہ میں جھوٹا پروپگنڈہ پھیلانے کا الزام عائد کیا ہے۔

۳۔ پنچایت راج محکمہ کے فیلڈ اسسٹنٹس کو مساوی تنخواہیں دی جائیں گی اور ان کیلئے گروپ انشورنس اور انشورنس کی سہولت بھی رہے گی۔

اور

۴۔ جے پی تلنگانہ کے صدر رام چندر راؤ نے کانگریس حکومت پر الزام عائد کیا ہے کہ وہ سیاسی فائدہ کیلئے مجلس کو خوش کرنے کی خاطر 10 فیصد کوٹہ مسلمانوں دیتے ہوئے 42 فیصد بی سی تحفظات میں الٹ پھیر کر رہی ہے۔

OBC

بی جے پی تلنگانہ کے صدر رام چندر راؤ نے آج کانگریس حکومت پر الزام عائد کیا ہے کہ وہ سیاسی فائدہ کیلئے مجلس اتحادالمسلمین کو خوش کرنے کی خاطر 10 فیصد کوٹہ مسلمانوں دیتے ہوئے 42 فیصد بی سی تحفظات میں الٹ پھیر کررہی ہے۔ ضلع بھدرادری کوتہ گوڑم کے علاقہ ایلند و میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے رام چندر راؤ نے کہا کہ اِس اقدام سے بی سی اسوسی ایشنوں یہاں تک کے کانگریس میں موجود بی سی لیڈرس میں ناراضگی پائی جاتی ہے۔ رام چندر راؤ کے مطابق جی ایچ ایم سی کے تحت 50 فیصد ڈویژنیں اِس وقت بی سی تحفظات کے تحت ہیں جبکہ ان میں سے 35 ڈویژنوں کو سابق میں مبینہ طور پر مجلسی امیدواروں کے حوالہ کیا گیا۔ اِس طرح حقیقی بی سی نمائندگی میں کمی واقع ہوئی۔ انہوں نے یاددلایا کہ سابق وزیر اعلیٰ آنجہانی وائی ایس راج شیکھر ریڈی کے دور میں مسلمانوں کو 4 فیصد تحفظات دئے گئے تھے۔ رام چندر راؤ نے بعدازاں کوتہ گوڑم بار اسوسی ایشن کی جانب سے منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران ریاست میں صحافیوں کے تحفظ کے قانون کو نافذ کرنے کی سخت سے حمایت کی۔

SEETHAKKA

پنچایت راج کی وزیرڈاکٹر دنا سری انوسویا سیتاا کا نے آج ہدایت دی ہے کہ تمام فیلڈ اسسٹنٹس کو بنا کسی امتیاز کے مساوی تنخواہیں دی جائیں جبکہ انہوں نے ان کیلئے گروپ انشورنس اور ہیلتھ انشورنس کی سہولتیں فراہم کرنے کا بھی وعدہ کیا۔ وزیر نے سرکولر نمبر 4779 کو منسوخ کردیا جس کی بنا پر سابق میں کئی فیلڈ اسسٹنٹس کو برخواست کردیا گیا تھا۔ وزیر نے بتایا کہ حکومت کو ایک رپورٹ پیش کرتے ہوئے فیلڈ اسسٹنٹس کی تنخواہ میں اضافہ اور ان کی بنیادی اجرت کو طئے کرنے کے لئے سفارش کی جائے گی۔ فیلڈ اسسٹنٹس نے وزیر سے ملاقات کرتے ہوئے اپنے طویل عرصہ سے زیر التوا مسائل پر نمائندگی کی تھی۔

WEATHER

تلنگانہ میں آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران مختلف مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش یا بوندہ باندی کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مرکز نے آج اپنی روزانہ کی رپورٹ میں کہا کہ آئندہ پانچ دن کے دوران ریاست کے تمام اضلاع میں کہیں کہیں تیز ہوائیں بھی چل سکتی ہیں۔ ریاست بھر میں جنوب مغربی مانسون کمزور پڑ گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ریاست بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران چند ایک مقامات پر بارش ہوئی۔

PONNAM

ریاست کے بی سی ویلفیر وزیر پونم پربھا کر نے بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ پر ریاست میں کھاد کی سربراہی کے سلسلہ میں جھوٹا پروپگنڈہ پھیلانے کا الزام عائد کیا ہے۔ وزیر نے آج اپنے ایک بیان میں کہا کہ بی جے پی لیڈر یہ سمجھے بغیر کے کھاد کس طرح سربراہ کی جاتی ہے اور اِس کیلئے کون ذمہ دار ہے، اظہار خیال کررہے ہیں۔ پونم پربھا کر نے کہا کہ کھاد کی سربراہی کا عمل مکمل طور پر مرکزی حکومت کی جانب سے کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کھاد کی قلت کیلئے مرکزی حکومت کی ناکامی قرار دیا۔ پونم پربھا کر نے رام چندر راؤ کے اس دعوی کو مسترد کردیا کہ تلنگانہ کو اب تک 12.02 لاکھ میٹرک ٹن کھاد سربراہ کی گئی ہے۔ وزیر نے وضاحت کی کہ اب تک ریاست کو صرف 9.80 لاکھ میٹرک ٹن کھاد ہی سپلائی کی گئی ہے۔

BETTING

مشہور اداکار پرکاش راج آن لائن جوئے بازی کیس کے تحت آج ای ڈی کے عہدیداروں کے سامنے پیش ہوئے۔اداکار جو تلگو، کنڑا اور دیگر جنوبی ہند کی فلموں کے لئے شہرت رکھتے ہیں، حیدرآباد کے بشیر باغ میں واقع ای ڈی کے زونل آفس میں حاضر ہوئے۔ پرکاش راج کے علاوہ ای ڈی نے دیگر فلم اداکاروں رانا دگوبتی، وجئے دیورکنڈہ اور لکشمی منچو کو بھی پوچھ تاچھ کیلئے نوٹس جاری کی ہے۔

SHEEP - ED

انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے بھیڑوں کی تقسیم کے اسکام کے تحت آج حیدرآباد میں مختلف مقامات پر تلاشی لی۔ سرکاری ذرائع کے مطابق اس اسکام کے تحت سابق بی آر ایس حکومت کے دوران کروڑ ہا روپے کی معاملت ہوئی تھی۔شہر میں کم از کم 8 مقامات پر تلاشی لی گئی۔جیسا کہ اس معاملہ میں استفادہ کنندگان اور درمیانی افراد ملوث ہیں۔ان کے علاوہ جی کلیان، اوایس ڈو سے سابق بی آر ایس وزیر تلا سانی سرینواس یادو کے مکانات کی بھی تلاشی لی جارہی ہے۔

LS - FM STATIONS

مرکزی حکومت نے کہا ہے کہ اس وقت ملک بھر میں 585 آکاش وانی ایف ایم اسٹیشنیں اور 388 خانگی ایف ایم ریڈیو اسٹیشنیں کارکردہیں۔اطلاعات ونشریات کے مملکتی وزیر ڈاکٹر ایل موروگن نے آج لوک سبھا میں ایک سوال پر تحریری جواب میں یہ بات بتائی۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال اگست میں حکومت نے 234 نئے شہروں میں 730 پرائیوٹ ایف ایم چینلوں کے ای آکشن کی منظوری دی تھی۔جن میں جموں وکشمیر میں بھی تین چینل شامل ہیں۔

PM KISAN

پردھان منتری کسان سمان ندھی (پی ایم۔کسان) اسکیم کی 20ویں قسط 2 اگست کو جاری کی جائے گی۔زراعت وہ کسانوں کی بھلائی کے وزیر شیوراج سنگھ کی زیر صدارت آج نئی دہلی میں اس سلسلہ میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ منعقد ہوئی۔اس میٹنگ میں اس اسکیم کے تحت زیادہ سے زیادہ کسانوں کو فائدہ پہنچانے کے لئے منعقد کئے

جانے والے پروگرام کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ یہ پروگرام اتر پردیش کے شہر وارانسی میں وزیر اعظم نریندر مودی کی زیر قیادت منعقد ہوگا۔ میٹنگ کے دوران چوہان نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ قومی، ریاستی، ضلعی اور گاؤں کی سطح پر کسانوں کے ساتھ رابطہ قائم کیا جائے اور اس پروگرام کی ملک بھر میں مہم چلائی جائے۔

## HARISH RAO

سابق وزیر و بی آر ایس کے سینئر لیڈر ٹی ہریش راؤ نے کانگریس حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ریاست میں گروکل اسکولوں سے متعلق سنگین مسئلہ کے سلسلہ میں اس نے اپنی آنکھیں بند کر لی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ شرمناک بات ہے کہ بچے جنہیں کلاس روم میں ہونا چاہئے، غذا، پانی اور دیگر ضروریات کے لئے احتجاج کر رہے ہیں۔ انہوں نے اس سلسلہ میں ضلع گدوال کے علاقہ عالمپور میں واقع گروکل اسکول کے طلبہ کی جانب سے نکالی گئی پدیاترا کا حوالہ دیا اور الزام عائد کیا کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سیاسی فائدہ اٹھانے کے لئے صرف سیاست پر توجہ دئے ہوئے ہیں جبکہ تعلیمی شعبہ کو نظر انداز کر رہے ہیں۔

## ID PARADE

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی، تاریخی قلعہ گولکنڈہ کے احاطہ میں یوم آزادی تقاریب میں شرکت کریں گے۔ وزیر اعلیٰ دن کا آغاز شہیدوں کی یادگار پر پہنچ کر انہیں خراج پیش کرتے ہوئے کریں گے۔ آج ایک رابطہ کمیٹی میٹنگ منعقد ہوئی جس میں چیف سکریٹری رام کرشنا راؤ نے تمام محکموں کو ہدایت دی کہ باہمی اتحاد کے ساتھ کام کرتے ہوئے یوم آزادی تقاریب کو بڑی پیمانے پر منعقد کرنے کے لئے اقدامات کئے جائے۔ محکمہ پولیس کو بھی ضروری انتظامات کرنے کی ہدایت دی گئی۔

## SUICIDE

عادل آباد میں واقع راجیو گاندھی انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنس (ریمس) میں 19 سالہ ایک طالب علم نے آج اپنے ہاسٹل کے کمرے میں پنکھے سے لٹ کر خودکشی کر لی۔ پولیس کے مطابق اِس طالب علم کی شناخت ساحل کے نام سے ہوئی ہے جو جئے پور راجستھان کا رہنے والا تھا۔ ساحل نے مبینہ طور پر اندر سے کمرہ بند کر لیا اور یہ انتہائی قدم اٹھایا۔ پولیس نے اس سلسلہ میں ایک کیس درج کر لیا ور تحقیقات کر رہی ہے۔

JEEVAN

سابق وزیر اور کانگریس لیڈر جیون ریڈی نے آج کہا ہے کہ پسماندہ طبقات کی بھلائی اور ان کے حقوق کے تعلق سے اِس وقت جاری قومی بحث، سینئر کانگریس لیڈر اور لوک سبھا اپوزیشن لیڈر راہول گاندھی کی جانب سے ذات پات کا سروے کرائے جانے کے لئے دباؤ ڈالے جانے کا نتیجہ ہے۔ گاندھی بھون میں آج میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے جیون ریڈی نے تلنگانہ میں ذات پات کا سروے کامیابی سے انجام دئے جانے پر راہول گاندھی کے سر اس کا سہرا باندھا اور یہ بات دہرائی کہ کانگریس پارٹی، بی سی طبقات اور دیگر کمزور طبقات کو 42 فیصد تحفظات دینے کے لئے پرعزم ہے۔

○○